PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ:22اکتوبر2024ء

- الیکشن کمیشن میں اسلام آباد اور پنجاب لوکل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے سماعت ہوئی۔
- چیف سیکرٹری پنجاب، سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب، سیکرٹری وزارت داخلہ اور چیف کمشنر اسلام آباد الیکشن کمیشن میں سماعت کے دوران پیش ہوئے۔
- سیکرٹری وزارت داخلہ نے الیکشن کمیشن کو بتایا کہ الیکشن کمیشن کی میٹنگ مورخہ 11 ستمبر 2024 کے احکامات کے مطابق جو کمیٹی سیکرٹری وزارت داخلہ ، قانون، چیف کمشنر اور سیکرٹری الیکشن کمیشن پر مشتمل تھی اُس نے اپنی دو میٹنگز کے دوران اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 میں جن ترامیم کی ضرورت تھی اُسکا مسودہ تیار کر لیا ہے۔ جو الیکشن کمیشن کی اجازت کے بعد قانون سازی کیلئے متعلقہ فورم پر بھیج دیا جائے گا۔ اُس کے بعد رولز اور فارموں میں جہاں پر ترامیم کی ضرورت ہو گی اُس کو مکمل کیا جائے گا۔
- الیکشن کمیشن نے سیکرٹری وزارت داخلہ کو ہدایت کی کہ قانون سازی کا عمل فوری مکمل کیا جائے تاکہ الیکشن کمیشن الیکشن کے فوری انعقاد کو یقینی بنائے۔ جس پر سیکرٹری وزارت داخلہ نے الیکشن کمیشن کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔
- چیف سیکرٹری پنجاب نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ پنجاب گورنمنٹ نے ڈرافٹ لوکل گورنمنٹ ایکٹ پر 99 فیصد کام مکمل کر لیا ہے۔ البتہ پنجاب گورنمنٹ کو قانون سازی اور ڈرافٹ کو بہتر کرنے کیلئے کم از کم چھ ہفتوں کا ٹائم درکار ہے۔ انہوں نے الیکشن کمیشن کو قانون کا ابتدائی مسودہ بھی پیش کیا۔ کمیشن نے چیف سیکرٹری کو ہدایت کی کہ چھ ہفتوں میں قانون سازی کو یقینی بنائیں تاکہ صوبہ میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد فوری کیا جائے۔

ترجمان الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections

MEDIA COORDINATION & OUTREACH WING